علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پاکستانی ادب (8660) سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی ایڈ

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ پاکستانی دور میں اردو ناول نے بطور صنف جو ارتقائی مراحل طے کیے، ان پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ 1947 کے بعد اردو افسانے کا پہلا دور اپنے موضوعات کے لحاظ سے ماقبل افسانے سے کس طرح منفرد اور ممتاز ہے؟ بحث کیجیے۔

(20)

سوال نمبر 3 پاکستانی ڈرامہ نگاروں نے اپنے ڈراموں میں کن موضوعات کو زیادہ نمایاں کرنے کی کوشش کی ہے؟ جواب دیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ انشائیہ کسے کہتے ہیں؟ اس صنف میں 1947 کے بعد ہونے والی پیشرفت سے آگاہ کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اردو ادب میں شخصیت نگاری کے حوالے سے ایک مفصل مضمون قلم بند کیجیے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 6تا9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ بیسویں صدی کے آغاز میں جدید اردو غزل کی تشکیل و ارتقاء کن شعراء کے ہاتھوں ہوئی؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ اردو نظم کے فروغ میں حلقہ ارباب ذوق کے کردار پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اردو تنقید کے تاریخی پس منظر کے حوالے سے اظہار خیال کیجیے۔ درج ذیل پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ عہد حاضر میں دینی ادب کی ضرورت اور اہمیت پر تفصیل سے اظہار خیال کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ درج ذیل پر نوٹ لکھیے۔

(1) نظم تنہائی (2) شعری اصناف (20=10+10)